اس تقریر کے سمجھنے میں ایک بڑی غلط فہمی واقع ہوئی ہے جسے ضعیف روایات نے اور زیادہ تقویت پہنچا دی۔ چونکہ آغاز میں نوعِ انسانی کی پیدائش ایک جان سے ہونے کا ذکر آیا ہے، جس سے مراد حضرت آدم علیہ السلام ہیں، اور پھر فوراً ہی ایک مرد و عورت کا ذکر شروع ہو گیا ہے جنھوں نے پہلے تو اللہ سے صحیح و سالم بچے کی پیدائش کے لیے دعا کی اور جب بچہ پیدا ہو گیا تو اللہ کی بخشش میں دوسروں کو شریک ٹھیرا لیا، اس لیے لوگوں نے یہ سمجھا کہ یہ شرک کرنے والے میاں بیوی ضرور حضرت آدم و حوا علیہما السلام ہی ہوں گے۔ اس غلط فہمی پر روایات کا ایک خول چڑھ گیا اور ایک پورا قصہ تصنیف

وَلَا يَسْتَطِيعُونَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ أَنفُسَهُمْ يَنصُرُونَ ﴿۱۹۲﴾ وَإِن
تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ لَا يَتَّبِعُوكُمْ ۚ سَوَاءٌ عَلَيْكُمْ أَدَعَوْتُمُوهُمْ

جو نہ ان کی مدد کر سکتے ہیں اور نہ آپ اپنی مدد ہی پر قادر ہیں۔ اگر تم انہیں سیدھی راہ پر آنے کی دعوت دو تو وہ تمہارے پیچھے نہ آئیں، تم خواہ انہیں پکارو یا خاموش رہو، دونوں صورتوں میں

کر دیا گیا کہ حضرت حوا کے بچے پیدا ہو ہو کر مر جاتے تھے، آخر کار ایک بچے کی پیدائش کے موقع پر شیطان نے ان کو بہکا کر اس بات پر آمادہ کر دیا کہ اس کا نام عبدالحارث (بندۂ شیطان) رکھ دیں۔ غضب یہ ہے کہ ان روایات میں سے بعض کی سند نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک بھی پہنچا دی گئی ہے۔ لیکن درحقیقت یہ تمام روایات غلط ہیں اور قرآن کی عبارت بھی ان کی تائید نہیں کرتی۔ قرآن جو کچھ کہہ رہا ہے وہ صرف یہ ہے کہ نوع انسانی کا پہلا جوڑا جس سے آفرینش کی ابتدا ہوئی، اس کا خالق بھی اللہ ہی تھا، کوئی دوسرا اس کارِ تخلیق میں شریک نہ تھا، اور پھر ہر مرد و عورت کے ملاپ سے جو اولاد پیدا ہوتی ہے اس کا خالق بھی اللہ ہی ہے جس کا اقرار تم سب لوگوں کے دلوں میں موجود ہے۔ چنانچہ اسی اقرار کی بدولت تم امید و بیم کی حالت میں جب دعا مانگتے ہو تو اللہ ہی سے مانگتے ہو، لیکن بعد میں جب امیدیں پوری ہو جاتی ہیں تو تمہیں شرک کی سوجھتی ہے۔ اس تقریر میں کسی خاص مرد اور خاص عورت کا ذکر نہیں ہے بلکہ مشرکین میں سے ہر مرد اور ہر عورت کا حال بیان کیا گیا ہے۔

اس مقام پر ایک اور بات بھی قابل توجہ ہے۔ ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے جن لوگوں کی مذمت کی ہے وہ عرب کے مشرکین تھے اور ان کا قصور یہ تھا کہ وہ صحیح و سالم اولاد پیدا ہونے کے لیے تو خدا ہی سے دعا مانگتے تھے مگر جب بچہ پیدا ہو جاتا تھا تو اللہ کے اس عطیہ میں دوسروں کو شکریے کا حصہ دار ٹھیرا لیتے تھے۔ بلاشبہ یہ حالت بھی نہایت بُری تھی، لیکن اب جو شرک ہم توحید کے مدعیوں میں پا رہے ہیں وہ اس سے بھی بدتر ہے۔ یہ ظالم تو اولاد بھی غیروں ہی سے مانگتے ہیں، حمل کے زمانے میں منّتیں بھی غیروں کے نام ہی کی مانتے ہیں اور بچہ پیدا ہونے کے بعد نیازیں بھی انہی کے آستانوں پر چڑھاتے ہیں۔ اس پر بھی زمانۂ جاہلیت کے عرب مشرک تھے اور یہ موحّد ہیں، اُن کے لیے جہنم واجب تھی اور ان کے لیے نجات کی گارنٹی ہے، اُن کی گمراہیوں پر تنقید کی زبانیں تیز ہیں مگر ان کی گمراہیوں پر کوئی تنقید کر بیٹھے تو مذہبی درباروں میں بے چینی کی لہر دوڑ جاتی ہے۔ اسی حالت کا ماتم حالی مرحوم نے اپنی مسدس میں کیا ہے:۔

کرے غیر گر بُت کی پوجا تو کافر جو ٹھیرائے بیٹا خدا کا تو کافر
جھکے آگ پر بہر سجدہ تو کافر کواکب میں مانے کرشمہ تو کافر
مگر مومنوں پر کشادہ ہیں راہیں پرستش کریں شوق سے جس کی چاہیں
نبی کو جو چاہیں خدا کر دکھائیں اماموں کا رتبہ نبی سے بڑھائیں
مزاروں پہ جا جا کے نذریں چڑھائیں شہیدوں سے جا جا کے مانگیں دعائیں
نہ توحید میں کچھ خلل اس سے آئے نہ اسلام بگڑے نہ ایمان جائے

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ

# تیسیر القرآن

(اردو)

صحیح احادیث کی روشنی میں

# TAISEER UL QURAN


ترجمہ وتفسیر مولانا عبدالرحمٰن کیلانیؒ



مکتبۃ السلام سٹریٹ نمبر ۲۰ وسن پورہ لاہور

www.KitaboSunnat.com


زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ إِلَيْهَا ۖ فَلَمَّا تَغَشَّاهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيفًا فَمَرَّتْ بِهِ ۖ فَلَمَّا أَثْقَلَتْ دَعَوَا اللَّهَ
رَبَّهُمَا لَئِنْ آتَيْتَنَا صَالِحًا لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ﴿١٨٩﴾ فَلَمَّا آتَاهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهُ شُرَكَاءَ فِيمَا

ایک جان سے پیدا کیا اور اس سے اس کی بیوی بنائی تاکہ اس کے ہاں سکون حاصل کرے۔ پھر جب کسی مرد نے اپنی بیوی سے صحبت کی تو اسے ہلکا سا حمل ہو گیا جس کے ساتھ وہ چلتی پھرتی رہی، پھر جب وہ بوجھل ہو گئی تو دونوں اپنے پروردگار سے دعا کرنے لگے کہ: اگر تو ہمیں تندرست بچہ عطا کرے تو ہم یقیناً شکر کرنے والوں سے ہوں گے (۱۸۹)

پھر جب اللہ نے انہیں تندرست لڑکا دے دیا تو وہ اللہ کی بخشش میں دوسروں کو شریک [۱۸۹] بنانے لگے جبکہ

پہلے اس کا علاج سوچ سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول سے فرمایا کہ آپ ﷺ لوگوں سے کہہ دیجئے کہ میں تو اپنے بھی نفع و نقصان کا کچھ اختیار نہیں رکھتا تو تمہارا یا دوسروں کے نفع و نقصان کا کیسے مختار ہو سکتا ہوں، اور دوسری بات اس سے یہ معلوم ہوتی ہے کہ جب مجھے اتنا بھی علم غیب حاصل نہیں کہ اپنا ہی نفع و نقصان سوچ سکوں تو قیامت کے واقع ہونے کے متعلق آپ کو کیا بتا سکتا ہوں؟۔

❁ غیب کی خبریں بتلانے والے:۔ اب اسی معیار پر ان لوگوں کو آپ پرکھ لیجئے جو ستاروں کی چالوں سے، ہاتھ کی لکیروں سے، مختلف طریقوں سے فال لینے سے یا جفر و رمل کے علم سے یا اپنے کشف سے علم غیب جاننے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ ان کے اس دعویٰ کی کیا حقیقت ہے۔ مثلاً ایک نجومی، جوتشی جو فٹ پاتھ پر بیٹھ کر قسمت کی انگوٹھیاں بیچتا اور مختلف طرح سے لوگوں کو ان کی قسمت کے احوال سے مطلع کرتا ہے اگر وہ یہ علم جانتا ہوتا تو کیا اس کی یہ حالت زار ہو سکتی تھی؟ کیا وہ چند دنوں میں امیر کبیر نہ بن سکتا تھا؟

دور نبوی ﷺ میں کاہن حضرات لوگوں کو غیب کی خبریں بتلایا کرتے اور اس غرض سے بڑے بڑے لوگ دور دور سے ان کے آستانوں پر آتے اور گراں قدر نذرانے پیش کرتے تھے۔ اس سلسلہ میں آپ ﷺ نے فرمایا "جو شخص غیب کی خبریں بتلانے والے کے پاس جائے اور اس سے کچھ پوچھے تو اس کی چالیس دن تک نماز قبول نہیں ہوتی۔" (مسلم۔ کتاب السلام، باب تحریم الکهانة و اتیان الكُهان بحوالہ کتاب التوحید باب ۲۶ ماجاء فی الکُهان ونحوهم) نیز آپ ﷺ نے فرمایا "جو کوئی کسی کاہن کے پاس جا کر دریافت کرے پھر اسے سچا سمجھے تو اس نے اس سے اظہار براءت کیا جو محمد ﷺ پر نازل ہوا ہے" (ابوداؤد۔ کتاب الطب باب فی الکاهن)

ان احادیث سے از خود یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ غیب کی خبریں بتلانے والا خود کافر ہوتا ہے۔

[۱۸۹] ❁ اولاد کے بارے میں شرکیہ افعال:۔ ترمذی میں ایک روایت آتی ہے کہ "آدم و حوا کے ہاں جو بچے پیدا ہوتے وہ مر جاتے تھے کیونکہ وہ کمزور الخلقت ہوتے تھے۔ ایک دفعہ جب سیدہ حوا کو حمل ہوا تو آدم و حوا دونوں نے اللہ سے

فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ۝ وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

اللہ ایسی چیزوں سے بلند تر ہے جو یہ لوگ شریک ٹھہراتے ہیں(۱۹۰) کیا وہ ایسی چیزوں کو شریک ٹھہراتے ہیں جن کا کسی چیز کو پیدا کرنا تو در کنار[۱۹۰] وہ تو خود پیدا کئے جاتے ہیں(۱۹۱) وہ نہ تو ان کی مدد کر سکتے ہیں اور نہ ہی اپنی

دعا کی کہ اگر تندرست بچہ پیدا ہوا تو ہم اللہ کے شکر گزار ہوں گے۔ اسی دوران شیطان نے حوا کو پٹی پڑھائی کہ اگر وہ اس ہونے والے بچے کا نام عبدالحارث رکھیں تو ان کا بچہ بچنا تندرست ہوگا اور زندہ رہے گا۔ حارث دراصل ابلیس کا نام تھا اور جن دنوں وہ فرشتوں میں ملا ہوا تھا اسی نام سے پکارا جاتا تھا۔ چنانچہ حوا نے شیطان سے اس بات کا وعدہ کر لیا اور سیدنا آدم کو بھی اس بات پر راضی کر لیا۔

اس روایت کو حافظ ابن کثیر نے تین وجہ سے معلول قرار دیا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ یہ سارا قصہ اسرائیلیات سے ماخوذ ہے نیز قرآن ہی کے الفاظ سے یہ قصہ کئی وجوہ سے باطل قرار پاتا ہے اور وہ یہ ہیں:۔

۱۔ ﴿ جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ ﴾ سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کا شریک صرف ایک شیطان ہی نہیں بنایا گیا بلکہ یہ شریک ایک جماعت یا کم از کم دو سے زیادہ ہیں۔

۲۔ ﴿عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴾ سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ شرک کرنے والے دو (آدم و حوا) نہ تھے بلکہ یہ بھی ایک جماعت ہے۔

۳۔ اگر شیطان کو ہی شریک بنایا تھا تو اس کے لیے مَن آنا چاہیے تھا جو ذوی العقول کیلئے آتا ہے حالانکہ یہاں ﴿مَا لَا يَخْلُقُ﴾ کے الفاظ ہیں۔

۴۔ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو سب نام سکھلا دیے تھے اگر ابلیس یا شیطان کا کوئی نام حارث بھی ہوتا تو وہ آپ کو ضرور معلوم ہونا چاہیے تھا کیونکہ اسی سے تو براہ راست آپ کی دشمنی ٹھن گئی تھی۔ علاوہ ازیں کسی بھی سند صحیح سے یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ سیدنا آدم کے کسی بیٹے کا نام عبدالحارث بھی تھا۔

اس آیت کے مخاطب دراصل مشرکین مکہ ہیں۔ ابتداء میں سیدنا آدمؑ و حوا کا ذکر ضرور ہے مگر بعد میں روئے سخن دور نبوی ﷺ کے مشرکین کی طرف مڑ گیا ہے جن کی عادت تھی کہ جب بچہ پیٹ میں ہوتا تو اس کی سلامتی اور تندرست و صحیح سالم بچہ پیدا ہونے کے لیے اللہ ہی سے دعائیں کیا کرتے تھے لیکن جب صحیح و سالم بچہ پیدا ہو جاتا تو اللہ کے اس عطیہ میں دوسروں کو بھی شکریے کا حصہ دار ٹھہرا لیتے تھے اور ان کے نام ایسے ہی رکھ دیتے جن میں شرک پایا جاتا مثلاً عبدالشمس، عبدالعزیٰ، عبد مناف وغیرہ اور نذریں نیازیں بھی اپنے دیوی دیوتاؤں کے آستانوں پر چڑھایا کرتے تھے۔ یہ حالت تو دور نبوی ﷺ کے مشرکین کی تھی۔ مگر آج کے دور کے مشرکین جو خود مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں ان مشرکوں سے چار ہاتھ آگے نکل گئے ہیں۔ یہ اولاد بھی غیروں سے مانگتے ہیں حمل کے دوران منتیں بھی غیروں کے نام ہی کی مانتے ہیں اور بچہ پیدا ہونے کے بعد نیاز بھی انہی کے آستانوں پر جا کر چڑھاتے ہیں اور نام بھی مشرکانہ رکھتے ہیں جیسے پیراں دتہ، پیر بخش وغیرہ۔ پھر بھی یہ موحد کے موحد اور مسلمان کے مسلمان ہی رہتے ہیں۔

[۱۹۰] مخلوق الٰہ نہیں ہو سکتی:۔ اس آیت میں الوہیت کا یہ معیار پیش کیا گیا ہے کہ جو مخلوق ہو وہ الٰہ نہیں ہو سکتی۔ اس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ

[illegible]

# تبیان القرآن

علامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دارالعلوم نعیمیہ کراچی۔ ۳۸

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ)

۳۸۔ اردو بازار لاہور

يَّبۡطِشُوۡنَ بِهَآ اَمۡ لَهُمۡ اَعۡيُنٌ يُّبۡصِرُوۡنَ بِهَآ اَمۡ لَهُمۡ اٰذَانٌ

جن سے وہ پکڑ سکیں، یا ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھ سکیں، یا ان کے کان ہیں

يَّسۡمَعُوۡنَ بِهَا ؕ قُلِ ادۡعُوۡا شُرَكَآءَكُمۡ ثُمَّ كِيۡدُوۡنِ فَلَا تُنۡظِرُوۡنِ ﴿۱۹۵﴾

جن سے وہ سن سکیں، آپ کہیے کہ تم اپنے شرکاء کو بلاؤ اور پھر اپنی تدبیر مجھ پر آزماؤ اور اس کے بعد مجھے (بالکل) مہلت مت دو○

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وہ (اللہ ہی) ہے جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا' پھر اسی سے اس کی بیوی بنائی تاکہ وہ اس سے سکون حاصل کرے' پھر جب مرد نے اسے ڈھانپ لیا تو اسے خفیف سا حمل ہو گیا وہ اسی کے ساتھ چل پھر رہی تھی' پھر جب وہ بوجھل ہو گئی تو دونوں نے اللہ سے دعا کی جو ان کا پروردگار ہے کہ اگر تو نے ہمیں صحیح و سالم بیٹا دیا تو ہم ضرور شکر گزاروں میں سے ہو جائیں گے○ پس جب اللہ نے انہیں صحیح و سالم بیٹا دے دیا تو انہوں نے اس کی عطا میں شریک ٹھہرا لیے سو اللہ اس سے بلند ہے جس میں وہ شرک کرتے ہیں○ (الاعراف: ۱۹۰-۱۸۹)

## ان روایات کی تحقیق جن میں مذکور ہے کہ حضرت آدم اور حوا نے اپنے بیٹے کا نام عبد الحارث رکھا

امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ روایت کرتے ہیں:

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب حوا حاملہ ہو گئیں تو ان کے پاس ابلیس گیا' حوا کا کوئی بچہ زندہ نہیں رہتا تھا' ابلیس نے ان سے کہا تم اس کا نام عبد الحارث رکھ دو' انہوں نے اس کا نام عبد الحارث رکھ دیا پھر وہ بچہ زندہ رہا' یہ کام شیطان کے وسوسہ سے تھا۔ امام عبد الرزاق نے قتادہ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے نام رکھنے میں شرک کیا تھا عبادت میں شرک نہیں کیا تھا۔

(تفسیر امام عبد الرزاق رقم الحدیث: ۹۶۸' سنن الترمذی رقم الحدیث: ۳۰۸۸' مسند احمد ج ۷' رقم الحدیث: ۲۰۱۳۷' المستدرک ج ۲' ص ۵۴۵' الدر المنثور ج ۳' ص ۶۲۳)

امام ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث صرف عمر بن ابراہیم از قتادہ کی سند سے مروی ہے۔ اور اس کی روایت لائق احتجاج نہیں ہے۔

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

امام احمد نے کہا ہے اس نے قتادہ سے منکر احادیث روایت کی ہیں۔ امام ابن عدی نے کہا اس نے قتادہ سے ایسی احادیث روایت کیں ہیں جن میں اس کی کوئی موافقت نہیں کرتا۔ امام ابن حبان نے اس کا ضعفاء میں شمار کیا اور کہا جب یہ قتادہ سے روایت میں منفرد ہو تو اس کی روایت سے استدلال نہیں کیا جائے گا۔

(تہذیب التہذیب ج ۷' ص ۳۵۹' رقم الحدیث: ۵۰۴۰' تہذیب الکمال رقم الحدیث: ۴۲۰۰' لسان المیزان ج ۳' رقم الحدیث: ۱۹۵۹)

حافظ عماد الدین اسماعیل بن کثیر متوفی ۷۷۴ھ اس روایت کے متعلق لکھتے ہیں:

یہ روایت اہل کتاب کے آثار سے ہے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث صحیح ہے کہ جب اہل کتاب تم سے حدیث

WWW.NAFSEISLAM.COM

بیان کریں تو تم ان کی تصدیق کرو نہ تکذیب کرو اور اہل کتاب کی روایات کی تین قسمیں ہیں' بعض وہ ہیں جن کا صحیح ہونا ہمیں کتاب اور سنت سے معلوم ہے۔ بعض وہ ہیں جن کا کذب ہمیں کتاب اور سنت سے معلوم ہے۔ (مثلاً حضرت عیسیٰ کو یہود کا سولی پر لٹکانا) اور بعض وہ ہیں جن کا صدق یا کذب متعین نہیں ہے۔ اور اس روایت کا کذب ہمیں معلوم ہے کیونکہ اگر دونوں میاں بیوی سے مراد حضرت آدم اور حوا ہوں تو لازم آئے گا کہ وہ دونوں مشرک ہوں کیونکہ اس سے اگلی آیت میں ہے پس جب اللہ نے انہیں صحیح و سالم بیٹا دے دیا تو انہوں نے اس کی عطا میں شریک ٹھہرا لیے اور حضرت آدم علیہ السلام اللہ کے نبی ہیں اور معصوم ہیں ان کا شرک کرنا عادۃً محال ہے' اور امام عبدالرزاق کی روایت کلبی سے ہے اور اس کا حال سب کو معلوم ہے۔

(تفسیر ابن کثیر ج ۳' ص ۲۶۵' مطبوعہ دار الاندلس بیروت' ۱۳۸۵ھ)

امام ابن جریر متوفی ۳۱۰ھ اور امام ابن ابی حاتم متوفی ۳۲۷ھ نے اپنی اپنی سندوں سے روایت کیا ہے:

سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت آدم اور حوا کو زمین پر اتار اگیا تو حضرت آدم کی طبیعت میں شہوت ڈال دی گی اور انہوں نے حضرت حوا سے عمل زوجیت کیا' جس کے نتیجہ میں وہ حاملہ ہوگئیں اور ان کے پیٹ میں بچہ حرکت کرنے لگا اور وہ سوچتی تھیں کہ یہ کیا چیز ہے؟ ان کے پاس ابلیس گیا اور کہنے لگا تم نے زمین پر اونٹنی' گائے' بکری' دنبہ اور بھیڑ کو دیکھا ہے؟ ہو سکتا ہے تمہارے پیٹ سے ایسی ہی کوئی چیز نکلے' حضرت حوا یہ سن کر گھبرا گئیں' اس نے کہا میری بات مان لو' اس کا نام عبدالحارث رکھو تو پھر تمہارے مشابہ بچہ پیدا ہوگا۔ حواء نے حضرت آدم علیہ السلام سے اس واقعہ کا ذکر کیا۔ حضرت آدم نے فرمایا یہ وہ شخص ہے جس نے ہم کو جنت سے نکلوایا تھا' وہ بچہ مرگیا' حضرت حوا دوبارہ حاملہ ہوئیں ابلیس پھر ان کے پاس گیا اور کہا میری بات مان لو اس کا نام عبدالحارث رکھو' اور ابلیس کا نام فرشتوں میں حارث تھا' اس نے کہا ورنہ کوئی اونٹنی یا گائے یا بکری یا بھیڑ پیدا ہوگی یا تمہارے مشابہ بچہ ہوا تو میں اس کو مار دوں گا جیسے میں نے پہلے بچہ کو مار دیا تھا۔ حواء نے اس واقعہ کا حضرت آدم سے ذکر کیا انہوں نے گویا اس پر ناگواری ظاہر نہیں کی' تو حواء نے اس بچہ کا نام عبدالحارث رکھ دیا۔ سعید بن جبیر نے ان آیات کا مصداق حضرت آدم اور حوا کو قرار دیا ہے۔

(جامع البیان جز ۹' ص ۱۹۳' تفسیر امام ابن ابی حاتم ج ۵' ص ۱۶۳۲' الدر المنثور ج ۳' ص ۶۲۴)

یہ روایت بھی باطل ہے۔ کیونکہ حضرت آدم نے اگر اپنے بیٹے کا نام عبدالحارث بہ طور علم رکھا تھا اور اس کے لفظی معنی کا لحاظ نہیں کیا تھا تو پھر یہ نام رکھنا شرک نہ ہوا کیونکہ اسماء اعلام میں الفاظ کے معانی اصلیہ کا اعتبار نہیں ہوتا۔ پھر حضرت آدم علیہ السلام کو ان آیات کا مصداق قرار دینا صحیح نہ ہوا اور اگر حضرت آدم نے اپنے بیٹے کا نام عبدالحارث بہ طور صفت رکھا تھا تو پھر یہ شرک ہے اور حضرت آدم علیہ السلام نبی معصوم ہیں ان سے شرک کیسے متصور ہو سکتا ہے یہ کیوں کر متصور ہو سکتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام اپنے بیٹے کو ابلیس کا بندہ قرار دیں۔

## جعلا لہ شرکاء (انہوں نے اللہ کے شریک بنا لیے) کی توجیہات

اب پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ قرآن مجید میں ہے تو دونوں نے اللہ سے دعا کی نیز دوسری روایت میں ہے: جب اللہ نے انہیں صحیح و سالم بیٹا دے دیا تو انہوں نے اس کی عطا میں شریک ٹھہرا لیے یہ دعا کرنے والے اور شریک ٹھہرانے والے کون تھے؟ مفسرین کرام نے ان آیات کی حسب ذیل توجیہات کی ہیں:

۱- ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے مشرکین کا جہل اور ان کا شرک بیان فرمایا ہے کہ وہ اللہ ہی ہے جس نے تم میں سے ہر شخص کو پیدا کیا ہے' اور اسی کی جنس سے اس کی بیوی بنائی اور جب شوہر نے اپنی بیوی سے عمل زوجیت کر لیا اور وہ حاملہ ہوگئی تو دونوں

میاں اور بیوی نے اللہ سے دعا کی' جو ان کا رب ہے کہ اگر تو نے ہمیں صحیح و سالم بیٹا دیا تو ہم تیرے شکر گزاروں میں سے ہو جائیں گے اور جب اللہ تعالیٰ نے انہیں صحیح و سالم بیٹا دے دیا تو وہ اللہ کی دی ہوئی نعمت میں شرک کرنے لگے۔ دہریے کہتے ہیں کہ بچہ کا اس طرح پیدا ہونا انسان کی فطرت کا تقاضا ہے۔ ستارہ پرست کہتے ہیں کہ یہ ستاروں کی چال اور ان کی تاثیر سے پیدا ہوا اور بت پرست یہ کہتے ہیں کہ یہ ان کے بتوں اور دیوی دیوتاؤں کی دین ہے۔ اور یہ لوگ اس حقیقت کو فراموش کر دیتے ہیں کہ فطرت ہو یا ستارے' بت ہوں یا دیوی اور دیوتا' سب کا پیدا کرنے والا اللہ ہے۔ جس نے ان سب کو پیدا کیا ہے اسی نے اولاد کو بھی پیدا کیا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بڑھاپے میں اسی نے بیٹا دیا' حضرت زکریا جب بڑھاپے میں اولاد سے ناامید ہو چکے تھے تو انہوں نے اسی کو پکارا اور اسی سے دعا کرنے کے سبب اللہ تعالیٰ نے ان کی بوڑھی اور بانجھ بیوی کو فرزند عطا کیا۔ سو اولاد کی طلب کے لیے اسی کے آستانہ پر سر جھکانا چاہیے اور اولاد پانے کے بعد اسی کا شکر ادا کرنا چاہیے' البتہ اولاد کی طلب کے لیے نیک لوگوں اور بزرگوں سے دعا کرانا جائز ہے اور ان کے وسیلہ سے دعا مانگنا بھی جائز ہے۔

طلب اولاد کے لیے اگر نذر ماننی ہو تو اللہ کی عبادت مقصودہ کی نذر مانی جائے' نذر عبادت ہے اس لیے کسی ولی یا بزرگ کی نذر ماننا جائز نہیں ہے' اگر کسی بزرگ کی دعا سے اولاد ہو یا ان کے وسیلہ کے ساتھ دعا کرنے سے اولاد ہو' تب بھی اللہ کا شکر ادا کرے اور یوں کہے کہ فلاں بزرگ کے وسیلہ سے یا ان کی دعا سے اولاد ہوئی' اور اگر عقیدہ یہ ہو کہ اللہ کے عطا کرنے سے اولاد ہوئی ہے اور فلاں بزرگ وسیلہ ہیں' اور یوں کہے کہ فلاں بزرگ نے اولاد عطا کی ہے تو یہ سبب کی طرف نسبت ہونے کی وجہ سے شرک نہیں ہے لیکن افضل اور اولیٰ یہی ہے کہ اس مجازی نسبت کا ذکر کرنے کی بجائے حقیقی نسبت کا ذکر کرے اور اللہ تعالیٰ ہی کا شکر ادا کرے جس نے اس بزرگ کی دعا قبول فرمائی اور جائز حد تک اس بزرگ کی بھی تعظیم کرے کیونکہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا وہ اللہ کا بھی شکر ادا نہیں کرتا۔

(سنن ابوداؤد رقم الحدیث: ۴۸۱۱' سنن الترمذی رقم الحدیث: ۱۹۶۱' مسند احمد ج ۲' ص ۲۵۸' مشکوۃ رقم الحدیث: ۳۰۲۵' مجمع الزوائد ج ۵' ص ۲۱۷)

۲- اس آیت میں ان قریش سے خطاب ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں تھے' اور وہ قصی کی اولاد تھے' اور اس آیت سے مراد یہ ہے کہ وہ اللہ ہی ہے جس نے تم کو ایک نفس یعنی قصی سے پیدا کیا اور اس کی جنس سے اس کی بیوی عربیہ قرشیہ بنائی تاکہ وہ اس سے سکون حاصل کرے اور جب اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا کے موافق ان کو صحیح و سالم بیٹا عطا فرما دیا تو ان دونوں میاں بیوی نے اس کی دی ہوئی نعمت میں اللہ تعالیٰ کے شریک گھڑ لیے اور انہوں نے اپنے چار بیٹوں کے یہ نام رکھے۔ عبد مناف' عبد العزیٰ' عبد قصی اور عبد اللات اور اس کے بعد ان کے متبعین کے متعلق فرمایا سو اللہ اس سے بلند ہے جس میں وہ شرک کرتے ہیں۔

۳- اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ یہ آیات حضرت آدم اور حواء کے متعلق ہیں تو یہ آیتیں مشرکین کے رد میں نازل ہوئی ہیں اور اشکال کا جواب یہ ہے کہ یہاں ہمزہ استفہام کا مقدر ہے یعنی اجعلا لہ شرکاء اور ان آیتوں کا معنی اس طرح ہو گا کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم اور حواء کی دعا کے موافق ان کو صحیح و سالم بیٹا عطا کر دیا تو کیا انہوں نے اللہ کے شریک گھڑ لیے تھے؟ تو اے مشرکو! تم کیوں اللہ کے لیے شریک گھڑتے ہو؟ اور اللہ اس چیز سے بلند ہے جس میں یہ مشرک اللہ کے لیے شریک بناتے ہیں۔

۴- اس صورت میں دوسرا جواب یہ ہے کہ یہاں جعلا کا فاعل اولادھما ہے اور مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کا قائم

مقام کر دیا جو جعلا میں ضمیر فاعل ہے اور معنی اس طرح ہے اور جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم اور حواء کی دعا کے موافق ان کو صحیح و سالم بیٹا دیا تو ان کی اولاد نے اللہ کی دی ہوئی نعمت میں شریک گھڑ لیے۔

۵- قتادہ نے حسن سے روایت کیا ہے کہ یہ آیتیں یہود اور نصاریٰ سے متعلق ہیں یعنی جب اللہ تعالیٰ نے ان کو ان کی دعا کے موافق صحیح و سالم بیٹا دے دیا تو انہوں نے اس اولاد کو یہود و نصاریٰ بنا دیا اور یوں اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کیا۔

(جامع البیان جز ۹' ص ۱۹۷' زاد المسیر ج ۳' ص ۳۰۳)

۶- حوا ہر مرتبہ ایک مذکر اور ایک مونث دو بچے جنتی تھیں اور جعلا کا فاعل یہ دو بچے ہیں۔ یعنی جب ان کی دعا سے حضرت حوا کے دو صحیح و سالم بچے ہو گئے تو ان بچوں نے بڑے ہو کر اللہ کے شریک بنا لیے یا پھر ان کی اولاد در اولاد نے۔

(زاد المسیر ج ۳' ص ۳۰۳' مطبوعہ المکتب الاسلامی بیروت' ۱۴۰۷ھ)

## غلط طریقہ سے نام لینے اور نام بگاڑنے کی مذمت

بعض تفاسیر کے مطابق ان آیتوں میں شرک فی التسمیہ (نام رکھنے میں شرک) کی مذمت فرمائی ہے۔ یعنی عبد الحارث' عبد العزیٰ' عبد اللات وغیرہ نام رکھنا شرک ہیں۔ اور عبد اللہ اور عبد الرحمٰن ایسے نام رکھنے چاہئیں۔ ہمارے زمانہ میں نام کے سلسلہ میں بہت فروگزاشت پائی جاتی ہے بعض لوگ اپنے بچے کا نام عبد الرحمٰن یا عبد الخالق رکھتے ہیں اور لوگ اس کو رحمٰن صاحب خالق صاحب کہتے ہیں۔ کسی کا نام عبد الغفور ہوتا ہے اس کو لوگ غفور ا' غفورا کہتے ہیں۔ کسی کا نام انعام الٰہی ہوتا ہے اور لوگ اس کو الٰہی صاحب کہتے ہیں یہ پڑھے لکھے لوگوں کا حال ہے اور پنجاب میں جو ان پڑھ لوگ ہیں وہ غلام محمد کو گاما اور غلام رسول کو سولا کہتے ہیں اور جس کا نام کنیز فاطمہ ہو اس کو پھتو کہتے ہیں۔ یہ نام تو صحیح اور مستحب ہیں لیکن ان ناموں کو غلط طریقہ سے پکارنے والے سخت بے ادبی اور گناہ کے مرتکب ہوتے ہیں۔ قرآن مجید میں ہے:

وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِیْمَانِ وَمَنْ لَّمْ یَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ○ (الحجرات ۱۱)

اور ایک دوسرے کو برے القاب سے نہ بلاؤ کیا برا نام ہے ایمان کے بعد فاسق کہلانا' اور جو لوگ توبہ نہ کریں سو وہی لوگ ظلم کرنے والے ہیں۔

## بچوں کا نام رکھنے کی تحقیق

دوسری بڑی خرابی نام رکھنے کے سلسلہ میں ہے لوگوں کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ نام رکھنے میں انفرادیت ہو اور ان کو یہ شوق ہوتا ہے کہ ان کے بچے کا نام نیا اور اچھوتا ہو۔ خواہ اس کا مطلب' معنی کچھ نہ ہو۔ اس کی ایک عام مثال یہ ہے کہ لوگ شرجیل نام رکھتے ہیں۔ حالانکہ یہ مہمل لفظ ہے اصل لفظ شرحبیل ہے۔ اسی طرح بچی کا نام ثوبیہ رکھتے ہیں یہ بھی مہمل لفظ ہے اصل لفظ ثویبہ ہے۔ بہترین نام عبد اللہ اور امتہ اللہ ہیں' ہم چاہتے ہیں کہ نام رکھنے کے سلسلہ میں نبی ﷺ نے جو ہدایات دیں ان پر مشتمل احادیث کو یہاں بیان کر دیں۔

## پسندیدہ اور ناپسندیدہ ناموں کے متعلق احادیث

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کے نزدیک تمہارے سب سے پسندیدہ نام عبد اللہ اور عبد الرحمٰن ہیں۔

(صحیح مسلم الآداب ۲ (۲۱۳۲) ۵۴۸۳' سنن الترمذی رقم الحدیث: ۲۸۴۱' سنن ابن ماجہ رقم الحدیث: ۳۷۲۸)

حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ عنہما بیان کرتی ہیں کہ میرا نام برہ (نیکو کار) رکھا گیا تھا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم

# تفسير الطبري

من كتابه

## جامع البيان عن تأويل آي القرآن

هذبه وحققه وضبط نصه وعلق عليه

الدكتور بشار عواد معروف عصام فارس الحرستاني

المجلد الثالث

المائدة إلى الأعراف

مؤسسة الرسالة

فقال بعضهم: ذلك هو أن يكونَ الحملُ غلاماً.

وقال آخرون: بل هو أنْ يكونَ المولودُ بشراً سَوِيًّا مثلهما، ولا يكون بهيمة.

والصوابُ من القولِ في ذلك أنْ يُقالَ: إنَّ الله أخبر عن آدمَ وحواء أنهما دَعَوَا الله رَبَّهما بحملِ حواء، وأقسما لئن أعطاهُمَا ما في بطنِ حواء، صالحاً، ليكونانِ لله من الشاكرينَ.

و«الصلاح»، قد يشمل معاني كثيرة: منها «الصلاح» في استواءِ الخَلْقِ، ومنها «الصلاح» في الدِّين، و«الصلاح»، في العقلِ والتدبير.

وإذْ كان ذلك كذلك، ولا خبرَ عن الرسولِ يُوجِبُ الحجةَ بأنَّ ذلك على بعضِ معاني «الصلاح» دونَ بعضٍ، ولا فيه من العقلِ دليلٌ، وَجَبَ أن يُعَمَّ كما عَمَّهُ اللهُ فيقال: إنهما قالا: «لَئِنْ آتَيْتَنا صَالحاً»، بجميعِ معاني «الصلاح».

وأما معنى قوله: «لنكونَنَّ من الشاكرين»، فإنه: لنكونَنَّ مِمَّنْ يَشْكُرُكَ على ما وهبتَ له من الولدِ صالحاً.

## القَوْلُ فِي تَأْوِيلِ قَوْلِهِ تَعالَى: ﴿فَلَمَّآ ءَاتَىٰهُمَا صَٰلِحًا جَعَلَا لَهُۥ شُرَكَآءَ فِيمَآ ءَاتَىٰهُمَاۚ فَتَعَٰلَى ٱللَّهُ عَمَّا يُشْرِكُونَ ١٩٠﴾

يقول تعالى ذِكْرُه: فلما رَزَقَهُمَا اللهُ ولداً صالحاً كما سألا «جعلا له شُركاءَ فيما آتاهما»، ورَزَقَهُمَا.

ثم اختلف أهلُ التأويل في «الشركاء» التي جَعَلاها فيما أُوتِيَا من المولود.

الأعراف: ١٩٠

فقال بعضهم: جعلا له شُركاءَ في الاسم.

وقال آخرون: بل المعنيُّ بذلك: رجلٌ وامرأة من أهلِ الكفرِ من بني آدم، جعلا للهِ شُركاءَ من الآلهةِ والأوثانِ حين رَزَقهما ما رَزَقَهُمَا من الولدِ. وقالوا: معنى الكلام: «هو الذي خلقكم من نفسٍ واحدة وجعَلَ منها زَوْجَها ليسكُنَ إليهـا فلمـا تَغشَّـاهـا»، أي هذا الرجلُ ـ «حملت حملاً خفيفاً فلما أثقلت»، دَعَـوْتُمَـا اللهَ رَبَّكُما. قالوا: وهذا مما ابْتُدِىءَ به الكلامُ على وجه الخطاب، ثم رُدَّ إلى الخبرِ عن الغائبِ، كما قِيلَ: ﴿هُوَ الَّذِي يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ حَتَّى إِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ﴾ [يونس: ٢٢] وقد بَيَّنَّا نظائرَ ذلكَ بشواهدِه فيما مضى قَبْلُ.

وأوْلى القولين بالصوابِ، قولُ مَنْ قالَ: عَنَى بقوله: «فلما آتاهُمَا صالحاً جعلا له شركاء» في الاسم، لا في العبادة ـ وأن المعنيَّ بذلك آدم وحواء، لإجماعِ الحُجَّةِ من أهلِ التأويلِ على ذلك.

فإنْ قال قائلٌ: فما أنتَ قائلٌ ـ إذْ كان الأمرُ على ما وصفت في تأويلِ هذه الآية، وأنَّ المعنيَّ بها آدم وحواء ـ في قوله: «فتعالى اللهُ عَمَّا يُشركون»؟ أهو استنكافٌ من الله أنْ يكونَ له في الأسماء شريكٌ، أو في العبادة؟ فإنْ قلت: «في الأسماء»، دلَّ على فسادِه قوله: «أيُشْرِكُونَ ما لا يخلقُ شيئاً وهم يُخْلَقُون»؟ فإنْ قلت: «في العبادة»، قيلَ لك: أفكانَ آدمُ أشرك في عبادةِ اللهِ غيرَهُ؟

قيل له: إنَّ القـولَ في تأويل قوله, «فتعالى الله عما يشركون»، ليس بالذي ظننتَ. وإنما القولُ فيه: فتعالى الله عما يُشْرِكُ به مشركُو العربِ من عَبَـدَةِ الأوثانَ. فأمَّا الخبرُ عن آدم وحواء، فقد انقضى عند قولِهِ: «جَعَلا له شُركاء فيما آتاهما»، ثم استؤنف قوله: «فتعالى الله عما يشركون».

وَ اَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ

اور ہم نے آپ کی طرف یہ نصیحت اتاری تا کہ آپ لوگوں کے لیے کھول کر بیان کردیں جو کچھ ان کی طرف اتارا گیا ہے۔ (النحل: 44)

# تفسیر القرآن الکریم

حافظ عبد السلام بن محمد حفظہ اللہ

## جلد اوّل

سُورۃ الفاتحۃ تا سُورۃ التوبۃ

Dar-ul-Andlus

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِیَسْكُنَ اِلَیْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِیْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّاۤ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَىٕنْ اٰتَیْتَنَا صَالِحًا

وہی ہے جس نے تمھیں ایک جان سے پیدا کیا اور اس سے اس کا جوڑا بنایا، تاکہ وہ اس کی طرف (جاکر) سکون حاصل کرے، پھر جب اس نے اس (عورت) کو ڈھانکا تو اس نے ہلکا سا حمل اٹھا لیا، پس اسے لے کر چلتی پھرتی رہی، پھر جب وہ بھاری ہوگئی تو دونوں نے اللہ سے دعا کی، جو ان کا رب ہے کہ بے شک اگر تو نے ہمیں تندرست

③ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ وَّ بَشِیْرٌ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ: اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ انبیاء اور اولیاء کو جو اللہ تعالیٰ نے سب لوگوں سے بڑا بنایا ہے، سو ان میں بڑائی یہی ہوتی ہے کہ وہ اللہ کی راہ بتاتے ہیں اور اس بات میں کچھ ان کی بڑائی نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو عالم میں تصرف کی قدرت دے دی ہو کہ موت وحیات یا نفع ونقصان ان کے اختیار میں ہو، یا یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو غیب دانی دے دی ہو کہ جس کے احوال جب چاہیں معلوم کر لیں۔ اس آیت سے شرک کی جڑ کٹ گئی، جب رسول اللہ ﷺ کو جو تمام عالم کے سردار ہیں، اپنی جان کے نفع ونقصان کا اختیار نہ ہو، نہ غیب کی بات معلوم ہو تو کسی اور نبی یا ولی یا بزرگ یا فقیر یا جن یا فرشتے کو کیا قدرت ہے کہ کسی کو فائدہ یا نقصان پہنچائے، یا غیب کی کوئی بات بتائے، البتہ وحی کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ آپ کو جو بات بتا دیتا وہ آپ کو معلوم ہو جاتی اور آپ لوگوں کو اس کی خبر دے دیتے۔ (وحیدی)

**آیت 190،189** ① هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ...... : ایک جان، یعنی آدم علیہ السلام سے۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے سورۂ نساء کی پہلی آیت۔

② لِیَسْكُنَ اِلَیْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا ...... :معلوم ہوا میاں بیوی کے تعلق کا اصل سکون و راحت ہے۔ دیکھیے سورۂ روم (۲۱) " فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا"، جس مقصد کے لیے قرآن مجید نے یہ الفاظ استعمال فرمائے ہیں حقیقت یہ ہے کہ ان سے بڑھ کر ادب، حیا، پردے اور پاکیزگی کے ساتھ وہ مطلب ادا کرنے والے اور لفظ ملنا مشکل ہیں۔ "صَالِحًا" یعنی صحیح و سالم بچہ، جس میں کوئی جسمانی نقص نہ ہو۔

اس آیت کی صحیح تفسیر جسے حافظ ابن کثیر اور دوسرے محققین نے اختیار فرمایا ہے، وہ ہے جو حسن بصری رحمہ اللہ سے صحیح سند کے ساتھ ثابت ہے کہ بے شک شروع میں بطورِ تمہید آدم و حوا علیہما السلام کا ذکر ہے، مگر اس کے بعد " فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا" سے سلسلۂ کلام ان کی اولاد میں سے مشرکین کی طرف منتقل ہو گیا ہے اور اس کی مثالیں قرآن مجید میں موجود ہیں جن میں فرد کے ذکر سے سلسلۂ کلام جنس کی طرف منتقل ہو گیا ہے۔ اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ بعد میں ﴿فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ﴾ وغیرہ یعنی تمام آیات میں آخر تک جمع کے الفاظ استعمال ہوئے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان سے جنس آدم مراد ہے۔ آدم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے پیغمبر ہو کر شرک کا ارتکاب کیسے کر سکتے ہیں؟ بہت سے مفسرین نے ان سے مراد آدم اور حوا علیہما السلام لیے ہیں، ان کی بنیاد

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾ فَلَمَّاۤ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَاۤ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾

بچہ عطا کیا تو ہم ضرور ہی شکر کرنے والوں سے ہوں گے ﴿۱۸۹﴾ پھر جب اس نے انھیں تندرست بچہ عطا کیا تو دونوں نے اس کے لیے اس میں شریک بنالیے جو اس نے انھیں عطا کیا تھا، پس اللہ اس سے بہت بلند ہے جو وہ شریک بناتے ہیں ﴿۱۹۰﴾

اس روایت پر ہے جو سمرہ رضی اللہ عنہ سے ترمذی اور حاکم وغیرہ میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب حوا نے بچہ جنا تو ابلیس ان کے پاس آیا، ان کا کوئی لڑکا زندہ نہیں رہتا تھا۔ ابلیس کہنے لگا: ''اس کا نام عبد الحارث رکھو تو یہ زندہ رہے گا۔'' چنانچہ انھوں نے بچے کا نام عبد الحارث رکھا اور وہ زندہ بچ گیا۔ یہ سب کچھ شیطان کے اشارے سے تھا۔'' لیکن حافظ ابن کثیر نے اس روایت کو ضعیف اور اسرائیلیات سے ماخوذ قرار دیا ہے اور اس کے ضعف کے تین اسباب بیان فرمائے ہیں، خصوصاً اس لیے بھی کہ اس میں شرک کی نسبت اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ نبی آدم علیہ السلام کی طرف کی گئی ہے۔ شیخ ناصر الدین البانی رحمہ اللہ نے بھی سلسلہ ضعیفہ (۳۴۲) میں اس روایت کو ضعیف کہا ہے۔ اس روایت کی سند میں موجود ایک راوی حسن بصری رحمہ اللہ نے وہ تفسیر فرمائی جو اوپر گزری اور صحیح سند کے ساتھ ان سے تفسیر طبری وغیرہ میں مروی ہے، اگر وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس روایت کو صحیح سمجھتے تو خود اس کے خلاف ہرگز تفسیر نہ فرماتے۔ اس لیے وہی تفسیر درست ہے۔ ہمارے استاذ شیخ محمد عبدہ رحمہ اللہ ابن کثیر رحمہ اللہ وغیرہ کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ اگر یہ سارا قصہ آدم و حوا علیہما السلام کے متعلق ہی تسلیم کرلیا جائے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ '' جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ '' میں استفہام انکاری ہے، یعنی جب اللہ تعالیٰ نے انھیں تندرست بچہ عطا کیا تو کیا آدم و حوا نے شرک کیا تھا؟ جیسا کہ مشرکین عرب ان کی طرف شرک کی نسبت کرتے ہیں، یعنی نہیں۔ یہ تاویل بھی درست ہے، کیونکہ یہاں تک تثنیہ کی ضمیریں ہیں، آگے جمع کے صیغے کے ساتھ مشرکین پر رد ہے۔

③ **فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ**: اس سے مراد بالاتفاق کفار عرب ہیں، جیسا کہ بعد والی آیات سے ثابت ہو رہا ہے، یعنی جب اولاد کی امید ہوتی ہے تو مشرکین اللہ سے تندرست اولاد عطا کرنے کی دعا کرتے اور شکر گزار ہونے کا وعدہ کرتے ہیں، مگر جب ٹھیک ٹھاک تندرست اولاد عطا ہو جاتی ہے تو اسے غیر اللہ کی دین قرار دے دیتے ہیں، کوئی اسے عبد العزیٰ کہتا ہے، کوئی عبد المطلب، کوئی عبد ود اور کوئی عبد یغوث، یا کسی مردے کے نام کی نذر و نیاز دیتے ہیں، یا شکریہ ادا کرنے کے لیے بچے کو کسی قبر پر لے جا کر اس کا ماتھا وہاں ٹکاتے ہیں کہ ان کے بزرگوں کے طفیل یہ بچہ ملا ہے۔ یہ سب صورتیں اللہ کا شریک ٹھہرانے کی ہیں جو صرف مشرکین عرب ہی میں نہیں تھیں بلکہ مسلمان کہلانے والے بہت سے لوگوں میں اب بھی عام ہیں، چنانچہ وہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق اللہ کو سب سے پیارے دو نام عبد اللہ یا عبد الرحمن یا اس سے ملتے جلتے نام یا شرک سے پاک نام رکھنے کے بجائے نبی بخش، حسین بخش، پیراں دتہ، عبد النبی، عبد الرسول اور بندۂ علی وغیرہ نام رکھتے ہیں۔ پھر وہ کسی کو کسی آستانے کا فقیر بنا دیتے ہیں، کسی کو کسی قبر کا مجاور بنا دیتے ہیں۔ کوئی اپنا نام سگ دربار غوثیہ رکھ لیتا ہے، کوئی سگ رسول یا سگ مدینہ۔ [ اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّاۤ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ]

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ

# تیسیر الکریم الرحمٰن
# فی تفسیر کلام المنان

المعروف

# تفسیر السعدی (اردو)

فضیلۃ الشیخ عبد الرحمٰن بن ناصر السعدی رحمہ اللہ

دار السلام
کتاب و سنت کی اشاعت کا عالمی ادارہ

جسے اللہ تعالیٰ نفع پہنچانا نہ چاہے آپ اسے کوئی نفع نہیں پہنچا سکتے اور اللہ تعالیٰ جس سے ضرر دور نہ کرے آپ اس سے ضرر کو دور نہیں کر سکتے۔ اسی طرح آپ کے پاس علم بھی صرف وہی ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کیا ہے۔

صرف تبشیر و انذار اور ان پر عمل ہی فائدہ دیتا ہے جن کے ساتھ آپ ﷺ کو مبعوث کیا گیا۔ یہ تبشیر اور انذار ہی آپ ﷺ کی طرف سے فائدہ ہے جو ماں باپ' دوست احباب اور بھائیوں کی طرف سے فائدے پر فوقیت رکھتا ہے' یہی وہ نفع ہے جس کے ذریعے سے بندوں کو ہر بھلائی پر آمادہ کیا جاتا ہے اور ہر برائی سے ان کے لیے حفاظت ہے اور اس میں ان کے لیے حد درجہ بیان اور توضیح ہے۔

﴿ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ ﴾ ''وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا'' اے مردو اور عورتو! جو روئے زمین پر پھیلے ہوئے ہو' تمہاری کثرت تعداد اور تمہارے متفرق ہونے کے باوصف ﴿ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ﴾ ''ایک جان سے'' اور وہ ہیں ابو البشر آدم علیہ السلام۔ ﴿ وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا ﴾ ''اور اسی سے بنایا اس کا جوڑا'' یعنی آدم علیہ السلام سے ان کی بیوی حوا علیہا السلام کو تخلیق کیا۔ ﴿ لِیَسْكُنَ اِلَیْهَا ﴾ ''تاکہ اس کے پاس آرام پکڑے'' چونکہ حوا علیہا السلام کو آدم علیہ السلام سے پیدا کیا گیا ہے اس لئے ان دونوں کے مابین ایسی مناسبت اور موافقت موجود ہے جو تقاضا کرتی ہے کہ وہ ایک دوسرے سے سکون حاصل کریں اور شہوت کے تعلق سے ایک دوسرے کی اطاعت کریں۔ ﴿ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا ﴾ ''سو جب وہ اس کے پاس جاتا ہے۔'' یعنی جب آدمی نے اپنی بیوی سے مجامعت کی تو باری تعالیٰ نے یہ بات مقدر کر دی کہ اس شہوت اور جماع سے ان کی نسل وجود میں آئے اور اس وقت ﴿ حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِیْفًا ﴾ ''حمل رہا ہلکا سا حمل'' یہ کیفیت حمل کے ابتدائی ایام میں ہوتی ہے عورت اس کو محسوس نہیں کر پاتی اور نہ اس وقت یہ حمل بوجھل ہوتا ہے۔ ﴿ فَلَمَّآ ﴾ ''پس جب'' یہ حمل اسی طرح موجود رہا ﴿ اَثْقَلَتْ ﴾ ''بوجھل ہو گئی'' یعنی اس حمل کی وجہ سے جب کہ وہ حمل بڑا ہو جاتا ہے تو اس وقت والدین کے دل میں بچے کے لیے شفقت' اس کے زندہ صحیح و سالم اور ہر آفت سے محفوظ پیدا ہونے کی آرزو پیدا ہوتی ہے۔ بنابریں ﴿ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَىِٕنْ اٰتَیْتَنَا ﴾ ''دونوں نے دعا کی اللہ اپنے رب سے' اگر بخشا تو نے ہم کو'' یعنی بچہ ﴿ صَالِحًا ﴾ ''صحیح و سالم'' یعنی صحیح الخلقت' پورا اور ہر نقص سے محفوظ ﴿ لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ﴾ ''تو ہم شکر گزار بندوں میں سے ہوں گے۔''

﴿ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا ﴾ ''پس جب وہ ان کو صحیح و سالم (بچہ) دیتا ہے۔'' یعنی ان کی دعا قبول کرتے ہوئے جب ان کو صحیح سالم بچہ عطا کیا اور اس بارے میں ان پر اپنی نعمت کی تکمیل کر دی ﴿ جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِیْمَآ اٰتٰىهُمَا ﴾ ''تو اس میں جو وہ ان کو دیتا ہے اس کا شریک مقرر کرتے ہیں۔'' یعنی اس بچے کے عطا ہونے پر انہوں نے اللہ تعالیٰ کے شریک ٹھہرا دیئے۔ جس کو اکیلا اللہ تعالیٰ وجود میں لایا ہے اس نے یہ نعمت عطا کی ہے اور اسی نے یہ بچہ عطا کر کے والدین کی آنکھیں ٹھنڈی کیں۔ پس انہوں نے اپنے بیٹے کو غیر اللہ کا بندہ بنا دیا۔ یا تو اسے غیر اللہ کے

بندے کے طور پر موسوم کر دیا مثلاً ''عبدالحارث'' ''عبدالعزیٰ'' اور ''عبدالکعبہ'' وغیرہ۔ یا انہوں نے یہ کیا کہ جب اللہ تعالیٰ نے ان کو ان نعمتوں سے نوازا جن کا شمار کسی بندے کے بس سے باہر ہے' تو انہوں نے اللہ تعالیٰ کی عبادت میں شرک کیا۔

کلام میں یہ انتقال نوع سے جنس کی طرف انتقال کی قسم شمار ہوتا ہے کیونکہ کلام کی ابتدا آدم اور حوا علیہا السلام کے بارے میں ہے پھر کلام آدم وحوا علیہا السلام سے جنس کی طرف منتقل ہو گیا اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ شرک' آدم و حوا علیہا السلام کی ذریت میں بہت کثرت سے موجود ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ان سے شرک کے بطلان کا اقرار کروایا ہے نیز یہ کہ وہ اس بارے میں سخت ظالم ہیں' خواہ یہ شرک اقوال میں ہو یا افعال میں کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے ان سب کو ایک جان سے پیدا کیا پھر اس جان سے اس کا جوڑا پیدا کیا اور ان میں سے ان کے جوڑے پیدا کئے پھر ان کے درمیان مودت ومحبت پیدا کی جس کی بنا پر وہ ایک دوسرے کے پاس سکون پاتے ہیں' ایک دوسرے کے لیے الفت رکھتے ہیں اور ایک دوسرے سے لذت حاصل کرتے ہیں۔

پھر اللہ تعالیٰ نے اس امر کی طرف ان کی راہ نمائی فرمائی جس سے شہوت' لذت' اولاد اور نسل حاصل ہوتی ہے' پھر اللہ تعالیٰ نے وقت مقررہ تک ماؤں کے بطن میں اولاد کو وجود عطا کیا۔ وہ بڑی امیدوں کے ساتھ اولاد کی پیدائش کا انتظار کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ بچے کو صحیح سالم ماں کے پیٹ سے باہر لائے۔ پس (اس دعا کو قبول کرتے ہوئے) اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنی نعمت پوری کر دی اور ان کو ان کا مطلوب عطا کر دیا۔ تب کیا اللہ تعالیٰ اس بات کا مستحق نہیں کہ وہ صرف اسی کی عبادت کریں' اس کی عبادت میں کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں اور اسی کے لیے اطاعت کو خالص کریں؟ مگر معاملہ اس کے برعکس ہے' انہوں نے ان ہستیوں کو اللہ تعالیٰ کا شریک ٹھہرا دیا ﴿ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّ هُمْ يُخْلَقُوْنَ وَ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ ﴾ ''جو پیدا نہ کریں کوئی چیز بھی اور وہ پیدا ہوئے ہیں اور نہیں کر سکتے وہ ان کے لئے'' یعنی اپنے عبادت گزاروں کے لیے ﴿ نَصْرًا وَّ لَاۤ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴾ ''مدد اور نہ اپنی ہی مدد کریں'' کسی کی مدد کرنے کی طاقت رکھتے ہیں نہ خود اپنی مدد کر سکتے ہیں۔

جب (شریک ٹھہرائی ہوئی اس ہستی کی) یہ حالت ہو کہ وہ پیدا نہ کر سکتی ہو' ایک ذرہ بھی پیدا کرنے پر قادر نہ ہو بلکہ وہ خود مخلوق ہو اور وہ اپنے عبادت گزار سے کسی تکلیف دہ چیز کو دور کرنے کی طاقت نہ رکھتی ہو بلکہ خود اپنی ذات سے بھی کسی تکلیف دہ چیز کو دور کرنے پر قادر نہ ہو' تو بھلا اس کو اللہ کے ساتھ کیسے معبود بنایا جا سکتا ہے؟ بلاشبہ یہ سب سے بڑا ظلم اور سب سے بڑی حماقت ہے۔

﴿ وَ اِنْ تَدْعُوْهُمْ ﴾ ''اور اگر تم ان کو پکارو۔'' یعنی اے مشرکو! اگر تم ان بتوں کو' جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو' پکارو ﴿ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴾ ''راستے کی

# تفسیر قرطبی مترجم

امام ابو عبداللہ محمد بن احمد بن ابو بکر قرطبی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ متن قرآن

ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ

زیر اہتمام

ادارہ ضیاء المصنفین بھیرہ شریف


ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور - کراچی ۔ پاکستان

نے اسے فَمَارَتْ بِہٖ الف اور تخفیف کے ساتھ پڑھا ہے۔ یہ مَارَ، یَمُوْرُ سے ہے جب کوئی آئے، جائے اور تصرف کرے۔
حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور یحییٰ بن یعمر رضی اللہ عنہ نے فَمَرَتْ بِہٖ تخفیف کے ساتھ پڑھا ہے اور یہ المِرْیَۃ سے ماخوذ ہے، یعنی وہ اس بارے میں شک میں پڑ جاتی ہے جو اسے لاحق ہوتا ہے کہ کیا یہ حمل ہے یا بیماری ہے؟ یا اسی طرح کے اور شکوک وشبہات۔

**مسئلہ نمبر 2۔** قولہ تعالیٰ: فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ پھر جب وہ بوجھل ہو جاتی ہے، جیسے آپ کہتے ہیں: أثمر النخل (درخت پھل دار ہو گیا) اور بعض نے کہا ہے: جب وہ بوجھ میں داخل ہو جاتی ہے، جیسے آپ کہتے ہیں: أصبح وأمسى (اس نے صبح کی اور شام کی) دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا، دَعَوَا میں ضمیر حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حواء علیہا السلام کی طرف لوٹ رہی ہے۔ اور یہ اس قول کی بنا پر ہے جو اس آیت کے قصص میں روایت کیا گیا ہے کہ حضرت حواء علیہا السلام جب پہلی بار حاملہ ہوئیں تو آپ نہ جانتی تھیں کہ یہ کیا ہے؟ اور یہ اس کی قراءت کو تقویت دیتا ہے جس نے فَمَرَتْ بِہٖ تخفیف کے ساتھ پڑھا ہے۔ تو آپ اس سے گھبرا گئیں۔ چنانچہ ابلیس نے آپ کی طرف موقع پا لیا۔ حضرت کلبی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے: بے شک ابلیس ایک آدمی کی صورت میں حضرت حواء علیہا السلام کے پاس آیا جب آپ پہلے حمل کے ساتھ بوجھل ہوئیں اور کہا: تمہارے پیٹ میں یہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میں نہیں جانتی۔ اس نے کہا: مجھے تو یہ خوف ہے کہ کہیں یہ چوپایہ ہو۔ پس آپ نے یہ بات حضرت آدم علیہ السلام کو بتائی، تو وہ دونوں اس وجہ سے پریشان رہنے لگے۔ پس وہ (ابلیس) دوبارہ آپ کے پاس گیا اور کہنے لگا: وہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے خاص مقام ومرتبہ رکھتا ہے۔ پس اگر میں اللہ تعالیٰ سے دعا کروں تو تو انسان کو جنم دے گی کیا تو اس کا نام میری نسبت سے رکھے گی؟ آپ نے فرمایا: ہاں۔ اس نے کہا: پس میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں۔ پس جب آپ نے بچے کو جنم دیا تو وہ آپ کے پاس آیا اور کہنے لگا: اس کا نام میرے نام پر رکھو۔ تو آپ نے پوچھا: تیرا نام کیا ہے؟ اس نے کہا: حارث۔ اگر وہ آپ کو اپنا نام بتاتا تو یقیناً آپ اسے پہچان لیتی۔ پس آپ نے بچے کا نام عبدالحارث رکھا۔ اسی طرح ضعیف حدیث سے یہ واقعہ ذکر کیا گیا ہے، یہ ترمذی وغیرہ میں ہے اور اسرائیلیات میں کثیر واقعات ہیں جو ثابت نہیں۔ اور کوئی بھی صاحب دل ان کی اعتماد نہیں کرتا۔ بلاشبہ حضرت آدم اور حضرت حواء علیہا السلام اگرچہ اس نے ان دونوں کو اللہ تعالیٰ کے بارے میں دھوکے میں مبتلا کیا ہے لیکن مومن ایک بل سے دوبار نہیں ڈسا جا سکتا، پس یہ قصے بنائے گئے ہیں اور لکھ دیئے گئے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اس نے ان دونوں کو دوبار دھوکہ دیا ایک بار جنت میں دھوکہ دیا اور (ایک بار) زمین میں دھوکہ دیا'' (1)۔ اور اس کی تائید سلمی کی قراءت أتشما کون تا کے ساتھ سے کی گئی ہے۔ اور صَالِحًا کا معنی ہے کہ وہ صحت مند اور تندرست بچہ چاہتا ہے۔ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا وہ شرک جو حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا علیہا السلام کی طرف منسوب ہے اس کی تاویل میں علماء کا اختلاف ہے اور وہ یہ ہے:

**مسئلہ نمبر 3۔** مفسرین نے کہا ہے: یہ تسمیہ اور صفت میں شرک تھا، نہ کہ عبادت اور ربوبیت میں۔ اہل معانی نے کہا: بلاشبہ دونوں نے یہ نظریہ اختیار نہیں کیا کہ حارث ان دونوں کا رب ہے اس وجہ سے انہوں نے اپنے بیٹے کا نام

1۔ صحیح مسلم، کتاب المساجد، جلد 1، صفحہ 204

عبدالحارث رکھا ہے، بلکہ یہ قصد کیا کہ حارث بیٹے کی نجات کا سبب ہے اس لیے اس کا نام اس کے نام کے ساتھ رکھا جیسا کہ کوئی آدمی انتہائی عاجزی اور خضوع کی بنا پر اپنے آپ کو عبد ضیفہ پکارنے لگے، نہ کہ اس بنا پر کہ ضیف (مہمان) اس کا رب ہے، جیسا کہ حاتم نے بھی کہا ہے:

وإنّي لعبدُ الضيف مادام ثاوِيًا — وما فيّ إلّا تيكَ من شِيمة العبدِ

اور ایک قوم نے کہا ہے: بے شک یہ آدمیوں کی جنس کی طرف راجع ہے اور حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے مشرکین کے حال کی وضاحت اور بیان ہے اور یہ وہ (معنی) ہے جس پر اعتماد کیا جاسکتا ہے۔ پس قول باری تعالیٰ: جَعَلَا لَهٗ میں مراد مذکر اور مونث کفار ہیں اور اس سے دونوں جنسیں مراد لی گئی ہیں۔ اور اس پر دلیل فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ہے۔ اس میں یشرکان نہیں کہا ہے۔ یہ قول حسن ہے۔

اور یہ بھی کہا گیا ہے: اس کا معنی ہے هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وہ ہے جس نے تمہیں ایک شکل سے پیدا کیا ہے۔ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا اور اس کی جنس سے اس کا جوڑا بنا دیا۔ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا یعنی دونوں جنسوں نے (جب ایک دوسرے کو ڈھانپ لیا) اس قول کے مطابق آیت میں حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا علیہما السلام کا ذکر نہیں ہوگا۔ پس جب اللہ تعالیٰ انہیں صحیح سالم صحت مند لڑکا عطا فرما دیتا ہے جیسے وہ اس کی خواہش رکھتے ہیں تو پھر وہ دونوں اسے فطرت سے شرک کی طرف پھیر دیتے ہیں، یہ مشرکین کا فعل ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "کوئی نومولود بچہ نہیں مگر وہ فطرت پر پیدا کیا جاتا ہے"۔ اور ایک روایت میں ہے "وہ اس ملت پر پیدا کیا جاتا ہے، (پھر) اس کے والدین اسے یہودی، عیسائی اور مجوسی بنا دیتے ہیں"۔

عکرمہ نے کہا ہے: حضرت آدم علیہ السلام اس کے ساتھ خاص نہیں ہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کے بعد تمام مخلوق کے لیے عام قرار دیا ہے۔ حسین بن فضل نے کہا ہے: اہل فکر ونظر کے نزدیک یہ زیادہ عجیب ہے، کیونکہ پہلے قول میں عظائم کو اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت آدم علیہ السلام کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ اہل مدینہ اور حضرت عاصم نے توحید اور مفرد کی بنا پر شرکًا پڑھا ہے۔ اور ابو عمرو اور تمام اہل کوفہ نے صیغہ جمع کے ساتھ پڑھا ہے، یہ فعلاء کے وزن پر ہے اور شریک کی جمع ہے۔ اخفش سعید نے پہلی قراءت کا انکار کیا ہے۔ اور یہ قراءت صحیح ہے اس سے پہلے مضاف محذوف ہے یعنی جعلا له ذا شرك جیسا کہ وَسْئَلِ الْقَرْيَةَ (یوسف: 82) میں ہے پس معنی اس طرف راجع ہوگا کہ انہوں نے اس کے شریک بنالیے۔

**مسئلہ نمبر 4۔** آیت اس پر دلیل ہے کہ حمل امراض میں سے ایک مرض ہے۔ ابن القاسم اور یحییٰ نے مالک سے روایت کیا ہے انہوں نے کہا: حمل کی ابتدا آسانی اور سرور ہے (1) اور اس کا آخر بیماریوں میں سے ایک بیماری ہے۔ یہ وہ ہے جو امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے: إنه مرض من الأمراض قول باری تعالیٰ: دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا کا ظاہر اس کی تائید کرتا ہے اور یہ وہ حالت ہے جس کا مشاہدہ حاملہ عورتوں میں کیا جاتا ہے۔ امر کے عظیم ہونے اور خطاب کے شدید ہونے کی وجہ سے ہی اس

1۔ احکام القرآن لابن العربی، جلد 2، صفحہ 820

# تفسیر نعیمی


حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمہ



ناشر: نعیمی کتب خانہ گجرات
مفتی احمد یار خان روڈ، گجرات ۔ پاکستان۔

دعامانگی (2) حضرت حوا کے اس سے پہلے بچے پیدا ہوئے مگر مرگئے اس بار جب حمل ظاہر ہوا تو ان دونوں حضرات نے یہ دعامانگی فوت شدہ بچوں کے نام عبداللہ 'عبید اللہ اور عبدالرحمن تھے (تفسیر صاوی)۔ خیال رہے کہ حضرت حوا کو پانچ سو بار حمل رہا ہر بار میں جوڑا پیدا ہوا کل ایک ہزار بچے ہوئے (روح البیان) (3) قصی اور ان کی بیوی نے اس وقت یہ دعامانگی جب قصی کی بیوی کی زچگی کا زمانہ قریب آیا (4) اے لوگو یا اے مشرکو کافرو تمہارے ماں باپ نے اپنے بچہ ہونے سے کچھ پہلے یہ دعامانگی یا مانگا کرتے ہیں **صالحا** "سے مراد یا تو بیٹا ہے کیونکہ بیٹا ہونا بھی صالحیت ہے یہ قول حسن کا ہے (روح المعانی 'مدارک 'کبیر وغیرہ) یا اس سے مراد ہے تندرست اور صحیح الاعضاء بچہ جس کا مقابل ہے ناقص الاعضاء کچا بچہ یا نیک و صالح بیٹا یا صاحب نسل بیٹا جس سے ہماری نسل چلے یعنی اگر تو ہم کو ایسا بیٹا دے گا تو ہم شکر گزار بندے ہوں گے کہ تیری بارگاہ میں شکر کے سجدے کریں گے بچہ کو دینی تعلیم دے کر خدمت دین پر لگائیں گے کہ اولاد کا شکریہ یہ ہی ہے **اتھما صالحا" جعلا لہ شرکاء فیما اتھما** اس فرمان عالی میں ان کی دعا کی قبولیت اور بعد میں ان کی بدعہدی اور کفران نعمت کرنے کا ذکر ہے اگر اس سے مراد حضرت آدم و حوا ہوں تو اس جملہ کی بہت تفسیریں ہیں (1) **جعلا** استفہام انکاری کے طور پر ارشاد ہوا جیسے کہ حضرت ابراہیم نے چاند تاروں کو دیکھ کر فرمایا **ھذا ربی** کیا یہ ہیں میرے رب۔ یعنی ہرگز نہیں ایسے یہ ہے یعنی جب حضرت آدم و حوا کو نیک صالح صحیح سالم بچہ رب نے دیا تو کیا انہوں نے اس بچہ میں خدا کا شریک ٹھہرا لیا کہ اس کا نام مشرکانہ رکھا یا اسے اللہ تعالیٰ کے سواء کسی اور کی طرف سے مانا نہیں ہرگز نہیں (روح المعانی و کبیر وغیرہ) (2) **جعلا** میں مضاف پوشیدہ ہے **جعل اولادھما** یعنی حضرت آدم و حوا کی اولاد نے اللہ کے شریک ٹھہرائے اسی لئے آگے **عما یشرکان** اور **ایشرکون** جمع کے صیغے ارشاد ہو رہے ہیں اگر وہ دونوں حضرات مراد ہوتے تو آئندہ صیغے تثنیہ کے آتے **عما یشرکون** اور **ایشرکان** (تفسیر خازن وغیرہ عن الحسن و عکرمہ) (3) خود آدم و حوا نے مشرکوں کا سا کام کیا کہ اس بچے کا نام عبدالحارث رکھ دیا۔ حارث شیطان کا نام تھا۔ اس امید پر کہ اس نام کے سبب یہ بچہ زندہ رہے یہ قول حضرت ابن عباس کا ہے (خازن 'بیضاوی کبیر 'روح البیان 'ترمذی شریف وغیرہ) مگر شرک فی العبادۃ نہیں بلکہ شرک کا سا کام ہے کہ عبد کی نسبت غیر خدا کی طرف کی جائے مگر یہ تفسیر قوی نہیں جیسا کہ ہم انشاء اللہ سوال و جواب میں عرض کریں گے اور اگر اس سے مراد قصی ابن کلاب اور ان کی بیوی ہوں تو معنی یہ ہوں گے کہ ان دونوں نے اپنے بچوں کے نام مشرکانہ رکھے۔ عبد مناف 'عبد شمس عبدالعزیٰ اور عبدالدار (روح المعانی) اور اگر مراد سارے کفار و مشرکین ہوں تو مطلب ظاہر ہے کہ مشرکین اولاد تو ہم سے مانگتے ہیں مگر بچہ پیدا ہونے پر شرک و کفر کرنے لگتے ہیں **فتعالی اللہ عما یشرکون** اس فرمان عالی میں ان کے اس مشرکانہ عمل کی تردید ہے یعنی اللہ تعالیٰ ان کے شرک سے برتر ہے اسے ان کی حرکتوں سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔

**خلاصہ تفسیر**: ابھی تفسیر سے معلوم ہوا کہ اس آیۃ کریمہ کی تین تفسیریں ہیں ایک یہ کہ اس میں حضرت آدم و حوا کا ذکر ہے دوسرے یہ کہ اس میں قصی ابن کلاب کا تذکرہ ہے جو قریش کے مورث ہیں۔ تیسرے یہ کہ اس میں عام کفار و مشرکین کا تذکرہ ہے۔ حقیر کے نزدیک یہ آخری تفسیر قوی ہے ہم اس کا خلاصہ بیان کرتے ہیں اے مشرکو! اکافرو اللہ تعالیٰ وہ قدرت والا ہے جس نے تم میں سے ہر ایک ایک جان یعنی اس کے باپ سے پیدا کیا اور اس باپ کی جنس سے اس کی بیوی بنائی کہ وہ بھی مرد کی

w.alahazratnetwork.org


کے دروازے پر رہے۔

ہر کہ سیمائے راستاں دارد! سر خدمت بر آستاں دارد!!

**نوٹ ضروری:** یہ تمام فائدے ان آیات کی تیسری تفسیر سے حاصل ہوئے جو کہ قوی ہے۔ **ساتواں فائدہ:** اپنے بچوں کے نام عبد۔غوث یا عبد الدار رکھنا ممنوع ہے یعنی انہیں بتوں کا بندہ یا بتوں کا خدام نہ کہو یہ اعتقادۃً یا عملاً شریک ہے یہ فائدہ **جعلا لہ شرکاء** کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا جبکہ اس سے مراد ہو بیٹے کا نام عبد الحارث رکھنا۔

**پہلا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ انسان کی پیدائش ماں باپ دونوں سے ہے لہٰذا عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ صرف ماں سے ماننا اس آیت کے خلاف ہے رب فرماتا ہے **انا خلقنا الانسان من نطفۃ امشاج** ہم نے انسان کو مخلوط نطفے سے پیدا فرمایا (مرزائی)۔ **جواب:** ان جیسی تمام آیات میں اللہ تعالیٰ کے قانون کا ذکر ہے واقعی انسان کی پیدائش کا قانون یہ ہی ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش میں اللہ کی قدرت کا ظہور ہے قانون کے پابند ہم ہیں نہ کہ اللہ تعالیٰ اس نے حضرت آدم اور حوا کو بغیر ماں باپ کے پیدا فرمایا حضرت عیسیٰ کے متعلق فرماتا ہے **ان مثل عیسیٰ عند اللہ کمثل ادم** اس کی پوری تحقیق ہماری کتاب اسرار الاحکام میں ملاحظہ کرو۔ **دوسرا اعتراض:** ترمذی شریف نے بروایت سمرہ ابن جندب روایت کی یہ واقعہ حضرت آدم و حوا کا ہے ان کے پاس شیطان آیا اس نے جناب حوا کو اور جناب حوا نے آدم علیہ السلام کو رغبت دی کہ ہونے والے بچہ کا نام عبد الحارث رکھیں انہوں نے ایسا ہی کیا رب تعالیٰ نے اس آیت کریمہ میں ان پر عتاب فرمایا ہے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت آدم سے یہ شرک واقعہ ہوا وہ دونوں مشرک ہوئے۔ **جواب:** حضرت آدم علیہ السلام نبی ہیں نبی شرک و کفر تو کیا گناہوں سے بھی معصوم ہوتے ہیں ان کی عصمت قرآن مجید سے ثابت ہے۔ یہ حدیث خبر واحد ہے پھر صحیح بھی نہیں ہے اسے ترمذی نے غریب حسن کہا پھر اس میں تعارض بھی ہے بعض روایات میں مرفوع ہے بعض میں موقوف نیز بعض روایات میں ہے کہ حضرت حوا کا یہ پہلا حمل تھا بعض میں ہے کہ یہ پانچواں حمل تھا اس سے پہلے چار بچے فوت ہو چکے تھے اتنے نقص کے باوجود قرآن مجید کے خلاف ایک عقیدہ اس سے کیسے ثابت کیا جا سکتا ہے حق یہ ہے کہ یہ واقعہ ان کا نہیں ہے۔ **تیسرا اعتراض:** سیدنا عبد اللہ ابن عباس اور عام مفسرین نے یہ ہی تفسیر کی ہے پھر اسے کیوں قبول نہ کیا جاوے۔ **جواب:** یہ تفسیر چند وجہ سے ناقابل قبول ہے (1) حضرت آدم نبی معصوم ہیں اور معصوم سے شرک و کفر سرزد نہیں ہو سکتا (2) حضرت آدم ایک بار ابلیس سے دھوکہ کھا چکے تھے اس وجہ سے بہت تکلیف اٹھا چکے تھے اور دوبارہ دھوکہ کیسے کھا سکتے تھے۔ (3) رب تعالیٰ نے حضرت آدم کو تمام نام سکھا دیئے تھے **وعلم ادم الاسماء کلھا** آپ کو معلوم تھا کہ حارث ابلیس کا نام ہے پھر اپنے بیٹے کا نام عبد الحارث کیسے رکھ سکتے تھے (4) اگر یہ واقعہ حضرت آدم کا ہوتا تو آگے **عما یشرکون** یوں ہی **ایشرکون ما لا یخلق** جمع کے صیغے ارشاد نہ ہوتے بلکہ تثنیہ کے صیغے فرمائے جاتے کیونکہ یہ کام صرف حضرت آدم و حوا دو سے سرزد ہوا تھا (5) اس صورت میں ایشرکون من لا یخلق ارشاد ہوتا نہ کہ ما لا یخلق کیونکہ ابلیس عاقل ہے غیر عاقل نہیں اور **ما** غیر عاقل کے لئے ارشاد ہوتا ہے (6) جب آدم علیہ السلام پر ایک نادانستہ خطا و لغزش کی وجہ سے اتنا سخت عتاب ہوا کہ جنت سے باہر بھیجا گیا تین سو سال تک رب سے کلام و سلام بند رہا تو اگر آپ نے شرک کیا ہوتا تو اس سے زیادہ اس پر عتاب ہوتا مگر کچھ بھی نہ ہوا۔

